حکومت پاکستان

وزارتِ مذہبی امور

پریس ریلیز

وفاقی کابینہ نے حج 2012 کی پالیسی منظور کرتے ہوئے وزارت مذہبی امور کو حج آپریشن کے آغاز کی اجازت دے دی ہے۔لہذا 11 بینکوں کے ذریعے 2 مئی 2012ء سے ''پہلے آیئے پہلے پایئے'' کے اصول کے تحت درخواستوں کی وصولی شروع ہو گی۔عازمین حج کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ 10 سے 25 افراد پر مشتمل گروپ کی حیثیت سے بھی تعلیم یافتہ اور مناسک حج سے آگاہی رکھنے والے گروپ لیڈر کے تحت درخواستیں دے سکتے ہیں۔کسی بھی نامزد بینک کی برانچ میں درخواست دینے کیلئے مندرجہ ذیل دستاویزات مطلوب ہونگی۔

(i) اپنا اور نامزد آدمی کا نادرا کا شناختی کارڈ معہ فوٹو کاپی

(ii) مشین ریڈ ایبل انٹرنیشنل پاسپورٹ جو 21 اپریل 2013ء تک کارآمد ہو یا حصول پاسپورٹ کا ٹوکن مع کاپی

(iii) 12 عدد فوٹوگراف جنکا پس منظر ہلکے نیلے رنگ کا ہو۔

(iv) مطلوبہ رقم

مزید معلومات (مثلاً نامزد بینکوں کی لسٹ، حج فارم کا نمونہ، اُس کو پر کرنے کی ہدایات اور بینکوں کیلئے ہدایت نامہ) وزارت مذہبی امور کی ویب سائٹ www.hajjinfo.org سے حاصل کی جاسکتیں ہیں۔

حافظ شیر علی

جوائنٹ سیکرٹری (حج)